
© rasailojaraid.com



شفیق فاروقی



# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

**تقریب ختم بخاری شریف** | حسب معمول اس مرتبہ بھی تعلیمی سال کے آخر پر مورخہ ۹ شعبان ختم بخاری کی تقریب منعقد ہوئی۔ دور دراز سے احباب و متعلقین مخلصین و معاونین کے اصرار کے باوجود حتمی تاریخ کا تعین نہ کیا جا سکا۔ انعقاد کے ایک دو روز قبل جب ختم بخاری شریف کی تاریخ متعین ہوئی تو بغیر کسی اشتہار و اعلان اور اخبار ی اطلاع کے قرب و جوار کے اکابر علماء، فضلاء، احباب و منتسبین و وابستگان دارالعلوم اور دینی و اسلامی درد سے سرشار حضرات عین وقت پر اس کثرت سے پہنچ گئے کہ دارالعلوم کی وسیع مسجد کو تنگئ دامنی کی شکایت رہی حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے بخاری شریف کے آخری درس سے قبل دارالعلوم کے شعبہ دارالحفظ والتجوید کے طلباء نے تلاوت، حفظ قرآن، تجوید و قرأت، علمی سوالات، تذکرہ مسائل، سوال و جواب، تقریریں، دلچسپ مکالمے اور مذاکرے کر کے حاضرین کے دل موہ لئے اور خوب داد تحسین و آفرین کی داد وصول کی۔

حاضرین دارالحفظ کے احوال، اساتذہ کی نگرانی و تربیت سے خوب متاثر ہوئے طلبہ کے ایمان آفرین کردار سے سب نے وافر حصہ حاصل کیا اور متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے آخر میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی تقریر اور دعا پر یہ مجلس اختتام پذیر ہوئی۔

**مدیر الحق کا سفر عمرہ وغیرہ** | رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مدیر الحق جناب مولانا سمیع الحق عمرہ اور زیارت حرمین شریفین کی غرض سے حجاز مقدس تشریف لے گئے۔ وہاں سے فراغت کے بعد بعض اہم تعلیمی، تبلیغی اور اشاعتی مسائل اور اہم امور کے پیش نظر مصر اور بغداد وغیرہ بھی جائیں گے۔ اس سفر میں جناب شفیق فاروقی صاحب منیجر الحق بھی آپ کے ہمراہ ہیں۔

**امتحانات وتعطیلات** | شعبان میں حسب سابق دارالعلوم کے سالانہ امتحانات منعقد ہوئے۔ طلبہ دورہ حدیث اور دیگر مختلف وفاقی درجات کے لئے کراچی، پشاور اور مردان سے وفاق المدارس کے بورڈ کے تحت نگران حضرات تشریف لائے۔ اور چھ روز تک مسلسل امتحانات جاری رہے۔ باقی طلبہ کے تحریری و تقریری امتحانات دارالعلوم کے اساتذہ اور انتظامیہ کی نگرانی میں مکمل ہوئے۔ اور بحمداللہ نتائج حوصلہ افزا رہے۔ شعبان کے دوسرے



© rasailojaraid.com